09-07-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

ا۔وزیراعظم نریندر مودی اور آسٹریلیا کے وزیرِ اعظم انتھونی البانیز نے ملبورن میں ہند۔آسٹریلیا دفاعی تعاون سے متعلق تاریخی مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کئے ہیں۔

۲۔تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سال 2047 تک ریاست کو تین ٹریلین ڈالر کی معیشت بنایا جائے گا۔

۳۔مرکزی وزیرِ صحت جے پی نڈا نے بی بی نگر ایمس کے دورہ کے موقع پر کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک کے صحت کے شعبہ میں انقلابی پیش رفت ہو رہی ہے۔

۴۔آبپاشی کے وزیر اُتم کمار ریڈی نے ایل نینو کے ممکنہ اثرات سے کسانوں کے تحفظ کے لئے ضلعی سطح پر فوری عملی منصوبوں پر عمل درآمد کی ہدایت دی ہے۔

۵۔تلنگانہ حکومت نے موسی ندی کی بحالی کے منصوبہ کے ترجیحی مراحل کیلئے 7 ہزار 345 کروڑ روپے سے زائد کی انتظامی منظوری دے دی ہے۔

PM-AUS:

وزیر اعظم نریندر مودی اور آسٹریلیا کے وزیر اعظم انتھونی البانیز کی ملبورن میں چوٹی ملاقات ہوئی۔اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ہند۔بحرالکاہل خطہ میں سلامتی کو مضبوط بنانے کے لئے دونوں ممالک نے دفاع اور سلامتی کے تعاون سے متعلق ایک تاریخی مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کئے اور بحری سلامتی کے تعاون کے لئے ایک روڈ میپ کا آغاز کیا۔ اقتصادی شعبہ میں دونوں ممالک نے جامع اقتصادی

تعاون معاہدہ اور دوطرفہ سرمایہ کاری کے معاہدہ کوجلد از جلد حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا۔توانائی کے میدان میں ایک اہم پیش رفت کے تحت آسٹریلیا سے بھارت کوطویل مدتی یورینیم کی فراہمی کا معاہدہ طے پایا، جوہندوستان کی صاف توانائی کی منتقلی میں معاون ثابت ہوگا۔اس کے ساتھ ہی قابلِ تجدیدتوانائی کے شعبہ میں شراکت داری کوبھی فروغ دیا گیا۔تکنالوجی کے شعبہ میں اہم معدنیات اور سائبرسیکیورٹی سے متعلق تعاون کومزید وسعت دی گئی جبکہ تعلیمی روابط کے تحت ہندوستان میں آسٹریلوی جامعات کے نئے کیمپس قائم کرنے کا بھی اعلان کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے ہندوستانی نژاد برادری کو اس مضبوط اور دیرپا شراکت داری کا بنیادی ستون قرار دیا۔ Sound Byte

NSD

WEATHER

جنوب مغربی مانسون آج پورے ملک میں پھیل چکا ہے۔ مانسون نے راجستھان، ہریانہ، پنجاب اور بحیرہ عرب کے شمالی حصوں کے باقی ماندہ علاقوں کوبھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔محکمہ موسمیات کے سینئر سائنس دان ڈاکٹر نریش کمار نے آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ چند دنوں سے دہلی این سی آر، اتر پردیش اوراتراکھنڈ میں اوسط تا شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ دہلی این سی آر کے لئے آج اوسط تا شدید بارش کے پیش نظر آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

NSD6

PIYUSH GOYAL

ورلڈ Intangible انوسٹمنٹ رپورٹ 2026، جو عالمی دانشورانہ املاک کی تنظیم (WIPO) اورلوئیس بزنس اسکول نے جاری کی ہے، میں بھارت کو عالمی جدت طرازی کی ایک ابھرتی ہوئی طاقت قرار دیا گیا ہے۔ مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ دنیا کی 15 بڑی معیشتوں میں بھارت نے غیر مادی سرمایہ کاری، جیسے سافٹ ویر، تحقیق وترقی اور دانشورانہ املاک میں سب سے تیز رفتار ترقی درج کی ہے، جو 2023 میں بڑھ کر 78.2 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئی۔انہوں نے کہا کہ نوجوان موجدوں، اختراع کاروں اور حکومت کی مسلسل اصلاحات کی بدولت بھارت اپنی علم پر مبنی معیشت اور ڈیجیٹل اسٹارٹ اپ نظام کو مزید مستحکم کر رہا ہے۔

NSD

CM-SOLAR MODULE

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کا ہدف سال 2047 تک تین ٹریلین امریکی ڈالر کی معیشت بننا ہے۔ وہ شاہ آباد منڈل کے سیتارام پور میں بھارت کے جدید ترین نیکسٹ جنریشن سولر ماڈیول یونٹ کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو بہتر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے حکومت ایک اسکلز یونیورسٹی قائم کر رہی ہے کیونکہ ہر سال تقریباً ایک لاکھ 10 ہزار انجینئرنگ گریجویٹس روزگار کی منڈی میں داخل ہوتے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے صنعتی ترقی کے لئے مقامی عوام کی قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے اعلان کیا کہ حیدرآباد میں آلودگی پر قابو پانے کے لئے آؤٹر رنگ روڈ کے اندر واقع صنعتوں کو مرحلہ وار باہر منتقل کیا جائے گا۔انہوں نے مزید بتایا کہ پائیدار ترقی کے فروغ کے لئے شہری مضافاتی علاقوں میں خصوصی مینوفیکچرنگ زونز بھی قائم کئے جائیں گے۔

DESK

BHATTI-MELA

تلنگانہ کے نائب وزیرِ اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ کسانوں کی فلاح و بہبود اور زرعی ترقی کانگریس حکومت کی بنیادی ترجیحات ہیں۔ وہ ضلع کھمم میں ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ کے ہمراہ منعقدہ میگا رعیتو میلہ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے آبپاشی، دھان کی خریداری اور زرعی مشینی نظام کے فروغ پر ہزاروں کروڑ روپے خرچ کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت صرف دعوے نہیں بلکہ عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے اور وہ کسانوں کی فلاح کے لئے کئے گئے تمام اقدامات کی مکمل تفصیلات پیش کرنے کے لئے تیار ہیں۔

DESK

KAVITHA

تلنگانہ رکشنا سینا کی صدر کے کویتا نے کوتہ گوڑم کے دورہ کے دوران سنگارینی کے کارکنوں کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا۔ انہوں نے ایچ ایم ایس کے قائدین کا انہیں اعزازی صدر مقرر کرنے پر شکریہ ادا کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ زیر کفالت ملازمتوں کی پالیسی برقرار رکھی جائے۔ انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ زیرِ التوا درخواستوں کی منظوری کے لئے باقاعدہ میڈیکل بورڈس کے انعقاد کے فوری احکامات جاری کئے جائیں بصورتِ دیگر غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کی جائے گی۔ کویتا نے یونین انتخابات سے قبل واجب الادا بقایا جات کی ادائیگی اور کنٹریکٹ ملازمین کے مسائل کے فوری حل کا بھی مطالبہ کیا۔

DESK

CS-MUSI:

تلنگانہ کے چیف سکریٹری نے موسی ریورفرنٹ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے پہلے مرحلہ کا معائنہ کیا، جس میں عثمان ساگر، نارسنگی سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ کی سائٹ اور گاندھی سروور شامل ہیں۔ انہوں نے سینئر حکام کے ساتھ سیلاب سے تحفظ، نکاسی آب کے نظام کے انضمام اور بنیادی ڈھانچہ کی منصوبہ بندی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف سکریٹری نے ماحولیاتی تحفظ، سائنسی منصوبہ بندی اور پائیدار ترقی پر خصوصی زور دیا۔ انہوں نے موسی اور عیسیٰ دریاؤں کے سنگم کے علاقہ کے لئے ایک علیحدہ ماسٹر پلان تیار کرنے کی بھی ہدایت دی تاکہ شہری ترقی کو دیرپا اور متوازن بنایا جاسکے۔

DESK

KISHAN – SINGARENI

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی کا آج حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر شاندار استقبال کیا گیا۔ مرکز کی جانب سے تڈی چیریلا کوئلہ کی کان سنگارینی کولیریز کے حوالہ کئے جانے کے بعد یہ ان کا پہلا دورہ تھا۔ اس موقع پر بی جے پی کے قائدین، کارکنوں اور سنگارینی کے مزدوروں نے ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے مرکزی حکومت کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس فیصلہ سے روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوگا۔ کشن ریڈی نے مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے مرکزی حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سنگارینی ادارہ کو مزید مستحکم بنایا جائے گا اور تلنگانہ کے کوئلہ کے شعبہ کو فروغ دیا جائے گا۔

DESK

MUSI

تلنگانہ حکومت نے دریائے موسی کی بحالی کے منصوبہ کے تحت ترجیحی علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے لئے 7,345.12 کروڑ روپے کی انتظامی منظوری دے دی ہے۔ بلدی نظم ونسق اور شہری ترقی کے محکمہ کی جانب سے جاری احکامات کے مطابق اس رقم میں اراضی کے حصول کے اخراجات شامل نہیں ہیں۔ ترقیاتی کام زون 1A کے تحت حمایت ساگر سے باپوگھاٹ تک جبکہ زون 1B کے تحت عثمان ساگر سے باپوگھاٹ تک کے علاقوں میں انجام دئے جائیں گے۔

DESK

UTTAM

آبپاشی اور شہری رسد کے وزیر اتم کمار ریڈی نے آئی ٹی کے وزیر سری دھر بابو اور وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ کے ساتھ ایل نینو کے ممکنہ اثرات کے جائزے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ انہوں نے کسانوں کو یقین دلایا کہ حکومت ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لئے مکمل طور پر تیار ہے اور متعلقہ حکام کو ضلع وار عملی منصوبوں پر فوری عمل درآمد کی ہدایت دی۔ انہوں نے زور دیا کہ پانی کی دستیابی کو مدنظر رکھتے ہوئے گرام سبھاؤں کے ذریعہ متبادل فصلوں کے بارے میں کسانوں میں بیداری پیدا کی جائے، کھاد کا وافر ذخیرہ برقرار رکھا جائے اور کسانوں کو سائنسی بنیادوں پر زرعی رہنمائی فراہم کی جائے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ صرف سرکاری ہدایات اور مشوروں پر ہی اعتماد کریں۔

DESK

PEDDAPALLI

ضلع پداپلی کے کلکٹر کویا سری ہرشا نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ دیہی علاقوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے گرام پنچایتوں کے لیے جامع ترقیاتی منصوبے تیار کیے جائیں۔ سرپنچوں اور پنچایت سیکریٹریوں کے تربیتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مالی خود کفالت کے حصول کے لئے مقامی قدرتی وسائل اور آمدنی کے ذرائع کی نشاندہی ضروری ہے۔ انہوں نے صفائی مہم کو جنگی بنیادوں پر چلانے، گھروں کی سطح پر کچرے کی علیحدگی کو فروغ دینے اور پلاسٹک کے استعمال میں کمی لانے پر بھی زور دیا۔

PTC/PP

COMMITTEE

تلنگانہ کی تحریک میں شامل کارکنوں کی شناخت کیلئے تشکیل دی گئی کمیٹی کا ایک جائزہ اجلاس چیرمین ڈاکٹر کے کیشو راؤ کی صدارت میں آج حیدرآباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پروفیسر ایم کودنڈا رام سمیت کمیٹی کے دیگر اراکین بھی شریک تھے۔ انیس سو انہتر کی تلنگانہ تحریک سے وابستہ نمائندوں، عوامی تنظیموں، ذات برادری کی انجمنوں اور ملازمین کی یونینوں نے حکومت سے باضابطہ شناخت، ڈھائی سو مربع گز کے رہائشی پلاٹس، مفت ہیلتھ کارڈز اور ماہانہ پنشن فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ کمیٹی نے یقین دلایا کہ تمام تجاویز اور آراء کو مفصل رپورٹ میں شامل کیا جائے گا، جو جلد ہی وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی کو پیش کی جائے گی۔

DESK

SIRCILLA

پرتاپ نوین نے راجنہ سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ میں واقع شری راجا راجیشور سوامی مندر کے ڈپٹی ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے عہدہ سنبھال لیا ہے۔انڈومنٹ محکمہ کے کمشنر کی جانب سے یادگیری گٹہ کے لکشمی نرسمہا سوامی مندر سے تبادلہ کے بعد، انہوں نے ایگزیکٹو آفیسر رامادیوی کی ہدایات کے مطابق اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں۔عہدہ سنبھالنے سے قبل انہوں نے مندر میں خصوصی پوجا ادا کی، جہاں پجاریوں نے انہیں ویدک آشیرواد اور روایتی اعزازات پیش کیے۔

PTC/RS

ESI DISPENSARY

ریاستی وزراء گڈم ویویک وینکٹ سوامی اور دامودر راجا نرسمہا نے ضلع سنگاریڈی میں صنعتی ملازمین کو مفت اور آسان طبی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے نئی ای ایس آئی ڈسپنسری کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ظہیرآباد کے رکنِ پارلیمان سریش شیٹکر بھی موجود تھے۔رہنماؤں نے بردی پاڈ اور نارائن کھیڑ میں اے ٹی سی عمارتوں کا سنگِ بنیاد بھی رکھا۔وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے بتایا کہ ریاستی حکومت نے شمش آباد، راما گنڈم اور محبوب نگر میں سو بستروں پر مشتمل ای ایس آئی اسپتالوں کے قیام کی درخواست مرکزی حکومت کو بھیجی ہے۔وزیر دامودر راج نرسمہا نے کہا کہ سنگاریڈی کے سرکاری اسپتال کو دو سو کروڑ روپے کی لاگت سے جدید سہولتوں سے آراستہ کیا جا رہا ہے، جس کے بعد اسے سوپر اسپیشلٹی اسپتال میں تبدیل کر دیا جائے گا، جہاں جدید طبی شعبے اور پوسٹ گریجویٹ تعلیم کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔

PTC/SR

JUPALLY

سیاحت اورا یکسائز کے وزیر جوپلی کرشناراؤ نے ناگر کرنول ضلع کے کلکٹر ہیمنت کیشو پاٹل کے ہمراہ سوماسیلا میں ایک خصوصی جائزہ اجلاس کی صدارت کی، جس میں ضلع میں پوڈو اور زرعی اراضی سے متعلق دیرینہ مسائل کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے دوران وزیر نے کسانوں، محکمہ جنگلات اور محکمہ مال کے حکام سے براہِ راست بات چیت کی اور مختلف منڈلوں میں زیرِ التوا مقدمات کا انفرادی طور پر جائزہ لیا تا کہ نامکمل سروے یا ریکارڈ کی خامیوں جیسے مسائل کی نشاندہی کی جا سکے۔انہوں نے متعلقہ محکموں کو باہمی تعاون کے ساتھ ان مسائل کا جلد اور مستقل حل نکالنےاور کسانوں کوفوری راحت فراہم کرنے کی ہدایت دی۔

PTC/N.KL

NADDA

مرکزی وزیر برائے صحت و خاندانی بہبود جے پی نڈا نے کہا ہے کہ وزیرِاعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں صحت کے شعبہ میں انقلابی تبدیلیاں لائی جارہی ہیں۔انہوں نے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ بی بی نگر ایمس میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینے کے بعد ذرائع ابلاغ سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی حکومت اس ادارےکوایک ممتاز سنٹر آف ایکسیلینس کے طور پر فروغ دینے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایک ہزار کروڑ روپے کے اس منصوبے کا ستاسی فیصد کام مکمل ہو چکا ہےاوراس وقت چوبیس شعبے فعال ہیں۔ اسپتال میں روزانہ تقریباً اٹھارہ سو بیرونی مریضوں کا علاج کیا جا رہا ہے، ٹیلی میڈیسن خدمات کامیابی سے جاری ہیں، جبکہ 64 کروڑ روپے کی مالی معاونت سے 128 تحقیقی منصوبوں پر کام

ہو رہا ہے۔ جے پی نڈا نے کہا کہ سال 2014 کے بعد مودی حکومت نے ملک بھر میں 23 نئے ایمس اداروں کے قیام کا آغاز کیا، جس کے نتیجے میں بھارت کے صحت کے بنیادی ڈھانچہ میں نمایاں توسیع ہوئی ہے۔

Sound Byte

PTC/YB

○○